ٹاون میونسپل کارپوریشن ناظم آباد سینٹرل۔کراچی

شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Tel/Fax: 99260349 Email:dmc.centralinfo@gmail.com

<u>پریس ریلیز</u>

ناظم آباد ٹاون میں عزاداران حسین کو محرم الحرام میں ممکنہ سہولتوں کی فراہمی

امام بارگاہوں کے اطراف صفائی ستھرائی اور روشنی کے ساتھ دیگر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔اقتدار علی جعفری

عزاداران حسین کو سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے شب و روز مصروف ہیں : ظہیر احمد

مورخہ 08 جولائی 2024

کراچی ( ) چیئرمین ناظم آباد ٹاون سید محمد مظفر کی ہدایت پر ٹاون انتظامیہ محرم الحرام میں عزاداران حسین کو سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے شب و روز مصروف۔اس سلسلے میں ڈائریکٹر سینیٹیشن ظہیر احمد نے اظہر پارک یونین کمیٹی نمبر 01 میں جاری کام کا معائنہ کیا اس موقع پر ڈائریکٹر سینیٹیشن ظہیر احمد نے کہا کہ چیئرمین ناظم آباد ٹاون سید محمد مظفر کی ہدایت پر ٹاون میں موجود 17 امام بارگاہوں کے اطراف صفائی ستھرائی اور روشنی کے ساتھ دیگر انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔اظہر پارک کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ظہیر احمد نے کہا کہ عرصہ دراز سے اس پارک میں یکم محرم سے عاشورہ تک مجالس کا انعقاد اور زیارتوں کا اہتمام کیا جاتا ہے چیئرمین ناظم آباد ٹاون کی خصوصی ہدایت پر پاک میں صفائی ستھرائی، پینے کے پانی کے ساتھ روشنی کا انتظام کیا گیا ہے تا کہ عزاداران حسین کو مجالس اور زیارات کے دوران کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے مزید کہا کہ ٹاون انتظامیہ مسلسل منتظمین امام بارگاہوں اور جلوس کمیٹی کے ارکان سے رابطے میں ہے اور کسی قسم کی شکایت موصول ہونے کی صورت میں ہماری ٹیم موقع پر پہنچ کر فوری طور پر مسئلے کو حل کر رہی ہے

فہیم مصطفیٰ

ڈائریکٹر انفارمیشن

ناظم آباد ٹاون